ڈاکٹر محمد ریحان: جناب والا! ہاں یہ تمام ہونی چاہئیں ہاں یہ ہے کہ اگر کوئی امیدواران چاروں پر پورا نہ اترتے ہوں تو وہ درخواست دینے کی زحمت بھی نہ کریں۔ یہ باقاعدہ clear cut ہے۔ اس کے باوجود ان لوگوں کو بلایا گیا ہے جن کے پاس یہ مطلوبہ qualification نہیں تھیں۔ یہ ایک قسم کی بڑی زیادتی ہوئی ہے اور قواعد کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب اسدالرحمٰن صاحب۔

جناب اسدالرحمٰن: جناب چیئرمین۔ ہم اس معاملے میں دوبارہ inquiry کر لیتے ہیں لیکن Pakistan Medical and Dental Council نے ہمیں مشورہ دیا تھا۔ ان سے ہم نے مشورہ مانگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ qualification صحیح ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں دوبارہ کر لیں۔ clear نہیں ہیں۔ مثلاً آپ کے جواب سے یہ بھی clear نہیں ہے کہ ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴۔ alternatives چاہئیں۔ یعنی یہ، یا یہ، یا یہ۔ کیونکہ .M.B.B.S تو سارے ڈاکٹر ہوں گے۔ آپ نے نمبر ۱ جو رکھا ہوا ہے MBBS or equivalent qualification تو یہ تو سارے ہوں گے جو بھی apply کرتا ہے۔ .M.B.B.S کے بغیر تو کوئی نہیں کرے گا۔

چوہدری امیر حسین: ٹھیک ہے جناب والا اسے دوبارہ ایوان کے سامنے پیش کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: میں اسے defer کرتا ہوں۔ اسے مہربانی کر کے دیکھ کر please find out because if you have appointed a non-qualified person in a specialized field that also is objectionable.

چوہدری امیر حسین: جناب یہ بہت اہم ہے کیونکہ "OR" کا لفظ ہے۔ یعنی اگر ڈگری ہو تو "OR" کا ہے یہ انکوائری کر کے جناب دوبارہ پیش کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: .M.B.B.S تو سارے ہوتے ہیں۔ Urology میں .M.B.B.S کا کیا مطلب ہوا؟

جناب اسد الرحمٰن: جناب میں اس کی انکوائری کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : میں اسے defer کرتا ہوں، ان کو ذرا دیکھیں۔ جی جناب لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب پی آئی ایم ایس کی Urology میں appointment کے لئے خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ کیا وزیر صاحب اس بات سے آشنا ہیں کہ P.I.M.S. (Urology) اسلام آباد میں ایک شخص کا صحیح گردہ نکال دیا گیا تھا اور ناقص گردہ رہنے دیا گیا تھا؟ اس بات کے پیش نظر کیا یہ خصوصی توجہ دینے کو تیار ہیں؟

جناب اسد الرحمٰن : جناب. P.I.M.S. کا تو جناب تسنیم نواز گردیزی جواب دیں گے لیکن ہم Capital Hospital میں اسکا ضرور خیال رکھیں گے۔

حافظ حسین احمد : جناب کیا وزیر موصوف بیان کریں گے کہ جو باقی گیارہ افراد تھے ان کی کیا qualifications تھیں؟

جناب اسد الرحمٰن : جناب چیئرمین! میرے پاس سارا data موجود ہے وہ میں پیش کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین : حافظ صاحب کو دے دیں۔ یہ پڑھ لیں۔ جی سعید قادر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر : جناب وزیر موصوف نے فرمایا کہ یہ advertisement .P.M.D.C سے refer کیا گیا تھا۔ کیا یہ عام روایت ہے کہ جب ایک advertisement ہوتی ہے تو .P.M.D.C کو refer کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے کہ .P.M.D.C سے پہلے qualification for that post گنی جاتی ہیں۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir: But you don't have to do it atall. PMDC does not apply your advise on these things unnecessarily. The issue is very simple. The advertisement has been read out. These are thefour qualifications required for a Specialist's appointment.

Mr. Chairman: No. concurrently or independently ?

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر : چیئرمین صاحب آپ کو زیادہ پتہ ہے کہ ڈاکٹر جب تک .M.B.B.S نہیں ہو گا تو وہ رجسٹر ہی نہیں ہو سکتا۔ اس کی تو ضرورت ہی نہیں ہے دینے کی کہ .M.B.B.S ہونا چاہیئے۔ .M.B.B.S کے بغیر ڈاکٹر کیسے ہو سکتا ہے؟

Mr. Chairman: So, it appears to me that may be all these are concurrently required.

Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir : Obviously without MBBS there is a qualification of specialization. New FRCS everybody knows is a Surgeon.

جناب چیئرمین : بہر حال یہ ذرا تفصیل سے پتہ کر کے ہمیں بتائیں گے۔ جی جناب مزمل شاہ صاحب۔

سید مزمل شاہ : جناب چیئرمین میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ کسی بھی اشتہار میں جو قابلیت اور qualification دی جاتی ہے اس میں کسی دوسرے سے، جس طرح منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ .P.M.D.C سے ہم نے پوچھا ہے، تو اس میں تو پوچھنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ جو قابلیت اشتہار میں دی گئی ہے اس کے بغیر تو کسی دوسرے آدمی کو لیا نہیں جا سکتا۔

چوہدری امیر حسین : جناب والا چونکہ آپ نے مہربانی فرماتے ہوئے اسے defer کر دیا ہے ان کی پوری detail next rota day پر، جس دن جواب آئے گا وہ دے دیں گے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ یہ ضرور کریں۔ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ جس طرح لالیکا صاحب نے کہا پہلے بھی ایک حادثہ ہو چکا ہے کہیں دوبارہ نہ ہو جائے۔

جناب شہزاد گل : جناب والا اس کی بھی تحقیق ہونی چاہیئے کہ اس ڈاکٹر کا ڈاکٹر انوار الحق کے ساتھ بھی کوئی تعلق ہے جسے خاص طور پر اس بورڈ میں بٹھایا گیا تھا۔ یعنی under qualified شخص کو طلب کیا گیا۔

جناب چیئرمین : یہ ساری انکوائری کر کے بتائیں گے کہ اصل مسئلہ کیا ہے۔

چوہدری امیر حسین : انکوائری کر کے بتائیں گے کہ اصل مسئلہ کیا ہے۔

جناب چیئرمین : جی. That brings us to the end of Question Hour.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب حمید الدین سیالوی صاحب سے ایک درخواست موصول ہوئی ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ علالت کی بناء پر وہ حالیہ مکمل اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : زمان صاحب اور تسنیم نواز گردیزی صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ آج اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ Next is adjournment motions.

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Chairman: Next item is Adjournment Motions. Adjournment Motion No. 19, standing in the name of Dr. Muhammad Rehan Sahib, on the alleged delay in the operation of the TV Booster at Khuzdar.

میاں عالم علی لالیکا : جناب والا، دو وزراء حضرات نے اطلاع بھجوائی ہے یا رخصت کی درخواست بھی ہے۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں رخصت کی درخواست تو صرف ممبران دیتے ہیں اس لئے میں نے نہیں کہا کہ آپ منظور کرتے ہیں یا نہیں۔

چوہدری امیر حسین : جناب والا یہ تحریک التواء وزیر اطلاعات و نشریات سے تعلق رکھتی تو نہیں ہیں اس لئے اس کو next working day پر رکھ دیں۔

جناب چیئرمین : چلیں پہلے ڈاکٹر صاحب کی بات سن لیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان : یہ جج delegation کے بارے میں privilege motion ہے تو عبدالستار نیازی صاحب کب تشریف لائیں گے؟

جناب چیئرمین : ان کی طرف سے ایک درخواست آئی تھی کہ ان کا پہلے سے میانوالی کا پروگرام تھا تو چونکہ یہ اجلاس تو ایک دم بلایا گیا ہے انہوں نے درخواست کی تھی کہ جب میں واپس آؤں تو اس کو لے لیں۔ میرے خیال میں ایک دو دن میں آجائیں گے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جب وہ واپس آجائیں تو مہربانی کر کے ذرا اس کو ترجیح دی جائے۔

جناب چیئرمین : اچھا جی، Next is No. 20, Dr. Rehan Sahib, on the establishment of private medical colleges in Lahore and Islamabad.

چوہدری امیر حسین : جناب اس کے متعلق گردیزی صاحب درخواست کر کے گئے ہیں کہ اس کو میرے آنے تک ملتوی کیا جائے۔

ADJOURNMENT MOTION (i) *RE* : THE ALLEGED CONCESION OF CHILDREN PARK INTO RESIDENTIAL AREA IN ISLAMABAD.

جناب چیئرمین : ان کی بھی درخواست آئی ہوئی ہے چلیں اگلی بھی ڈاکٹر صاحب کی ہے۔

No. 25, Dr. Rehan Sahib on the conversion of children Park into residential plots in Sector F-11/3, Islamabad.

یہ پڑھ لیں۔

Dr. Muhammad Rehan: Sir, it has been reported in the daily Nawa-e-Waqat a national daily in its Rawalpindi publication of 22nd July, 1992 that the Capital Development Authority, while violating the Master Plan at Islamabad, has decided to convert Children Park in Sector F-11/3 into residential plots. This move is not only against the spirit of global awareness about environmental pollution but is also going to deprive the children from a part. The matter is of high national importance. It has occurred recently and concern the Federal Government, I, therefore, request that the House may adjourn its routine proceedings and discuss this issue.

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Chaudhry Amir Hussain : Opposed.

Mr. Chairman : Dr. Rehan Sahib, you have already said that the matter is very important and is of urgent public importance. Now Chaudhry Sahib, you should say something why are you opposing it ?

Chaudhry Amir Hussain: Sir, the adjournment motion is based on a news item of daily Nawa-e-Waqat dated 22nd July, 1992 indicating the apprehension of the residents of the Sector F-11 that the Park area is being converted into residential area. Sir, this news item is unfounded and baseless, there is no such plan. No Park area or ground area is being converted into residential area and there is no such scheme. Rather plans are being prepared to undertake development of all the areas designated as Park area and play fields in the layout plan of Sector F-11 includingF-3. So, it is a baseless news item.

Mr. Chairman: In the light of the statement, you will not press it.

ڈاکٹر محمد ریحان : جب اس قسم کی خبریں اخبارات میں قیاس آرائیوں پر یا غلط فہمیوں کی بنیاد پر آئیں تو متعلقہ ادارے جو ہیں ان کو بروقت تردید کرنی چاہیئے تاکہ تحریک التواء وغیرہ میں وقت ضائع نہ ہو، یہ میری گزارش ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے جناب I think the Minister has noted it. So this is disposed of as not pressed in the light of the statement of the Minister. So the next Adjournment Motion No. 26 stands in the name of Syed Iqbal Haider but he is not present. So, it stands dropped. There is also an Adjournment Motion No. 24 in the name of Dr. Rehan, on the alleged delay in rescue operation after the earth quake in Shingous valley.

(ii) *RE* : ALLEGED DELAY IN RESCUE OPERATION IN SHINGOUS VALLEY

Dr. Muhammad Rehan: I wish to draw the attention of the House to a very serious matter. It has been reported in the daily "Frontier Post", Peshawar dated 20th July, 1992, that severe

earthquake has hit the Northern Areas, particularly, the Singous valley.The sad aspect as reported is that so far no relief or rescue operation has been started by the local administration in the affected areas.

Sir, the Northern Areas come under the administrative control of the Federal Government. I, therefore, request that the House may adjourn its routine business to discuss this issue of high public importance, which is of an immediate nature and concerns the Federal Government.

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Chaudhry Amir Hussain: Opposed Sir.

جناب چیئرمین : آپ فرمائیے آپ کیوں oppose کر رہے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا اس میں میری پہلی گزارش تو یہ ہے کہ آئین کے تحت یہ جو northern area ہے it is not part of Pakistan یہ آرٹیکل ۲ کلاز 01 سب کلاز D کے تحت ان کا ہمارے پاس administrative control ہے under the UN Resolution till the final settlement of the Kashmir اس لئے شاید یہ سینٹ کی jurisdiction میں نہ آتا ہو۔

جناب چیئرمین : فیڈرل گورنمنٹ کی jurisdiction میں تو آتا ہے۔

چوہدری امیر حسین : administrative control ہے۔ بہر حال جو پہلے تحاریک التواء یہاں آتی رہی ان کو disallow کیا گیا۔ اس لئے میں جناب کے نوٹس میں لایا۔ بہر حال جو انہوں نے فرمایا ہے جس تشویش کا اظہار فرمایا ہے وہ ہونی بھی چاہیئے۔ جناب والا! گزارش یہ ہے کہ میں واقعات بتاتا ہوں کہ جولائی اور جون میں یہ جو گاؤں سینگوش ڈسٹرکٹ سکردو میں جو زلزلہ وغیرہ آیا اس سے یہ سکردو گلگت والی سڑک block ہو گئی ۱۷ اور ۲۰ جولائی کے درمیان اور وہاں landslide بھی بہت زیادہ ہوئی اور اس دیہات کے جو دو چار باشندے تھے ان کو وہاں سے shift کیا گیا کیوں کہ اس کی بلندی ۹۹۷ feet ہے اور

اکثر یہاں جو پہاڑ ہیں وہ بھی تقریباً ٦ ماہ برف سے ڈھکے رہتے ہیں تو اس لئے ان کو وہاں سے shift کیا گیا اور ان کو امداد بھی مہیا کی گئی۔ اس وقت ان کو جس جگہ ٹھہرایا گیا ہے وہ بڑی محفوظ جگہ ہے اور ان کی آبادکاری کے لئے سات سو خیمے، چار سو کمبل، چار ہزار کلوگرام آٹا، گھی، شکر، دال چنا، نمک وغیرہ ان کو فوری طور پر امداد دی گئی۔ جناب والا! جو سڑک block ہو گئی تھی وہ کھول دی گئی ہے اور اس کے مستقل حل کے لئے جو شمالی علاقہ جات کی Administration ہے اس نے ایک ٹیم بنائی ہے جو کہ نوجوان افسروں پر مشتمل ہے جو اس علاقے کو دیکھے گی اور باقی علاقے کو بھی دیکھے گی کہ مستقل طور پر ان لوگوں کو کہاں آباد کیا جا سکتا ہے؟ چنانچہ وفاقی حکومت نے فوری طور پر کارروائی کی ہے اور شمالی علاقہ جات کی انتظامیہ نے کوئی کوتاہی نہیں کی۔ اہم معاملہ تھا چار سو آدمیوں کی جانوں کا معاملہ تھا اور میں فاضل ممبر کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے نوٹس بھی دیا۔ چونکہ پہلے ہی ان کا نوٹس لیا جا چکا ہے۔ یہ واقعی اہم معاملہ ہے اس پر بھی کام ہو رہا ہے تو اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس کو press نہ کریں۔

Mr. Chairman: So, Rehan Sahib, in the light of the statement of the Minister this is not pressed.

Dr. Muhammad Rehan: Thank you.

Mr. Chairman : Next is Item No. 3, Chaudhry Amir Hussain.

ORDINANCE -- LAID

Chaudhry Amir Hussain: Sir, I beg to lay before the Senate the Criminal Law (third Amendment) Ordinance, 1992 (Ordinance No. X of 1992), as required by clause (2) of Article 89 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Yes, Ordinance stands laid. Item No. 4.
یہ پیش ہو چکا ہے جی۔

<u>چوہدری امیر حسین</u> : جناب اس پر بحث بھی ہو چکی ہے۔

Mr. Chairman: Anybody would like to say anything on this ?

چوہدری امیر حسین : جناب اس پر اس دن کافی بات ہو گئی تھی، آپ put کر دیں۔

جناب چیئرمین : کوئی بات کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ ہاں اس میں ایک اقبال حیدر صاحب کی طرف سے آیا ہے کہ جی میرا جہاز delay ہو گیا ہے وہ بھی کراچی میں پھنسے ہوئے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : جناب آج آخری دن ہے۔

جناب چیئرمین : آج آخری دن ہے۔ چلیں خلیل صاحب سے پوچھ لیتے ہیں وہ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب خلیل الرحمٰن : جناب چیئرمین صاحب، ہم ایک ایسے خطے کی پیداوار ہیں جہاں کا ادب خاص طور سے موسیقی اور کلچر کسی زمانے میں ساری دنیا میں ۵ ہزار سال آگے تھا اور اب یہ صورتحال نہیں ہے لیکن کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہاں کی ثقافتی مٹی جو ہے وہ بڑی زرخیز ہے اور اسی وجہ سے ہم اس برصغیر کا موازنہ کسی دوسرے اسلامی ممالک سے نہیں کر سکتے کیوں کہ جو ورثہ ہمیں تاریخ اور ثقافت کی صورت میں ملا ہے وہ سب سے جداگانہ ہے۔ جناب یہاں کی تاریخ اور ثقافت میں بڑی رنگینی اور رومانس ہے۔ موسیقی، مصوری، ثقافت اور ڈرامہ ہمیں ورثہ میں ملا ہے۔ مسلمان حملہ آور یہاں آئے اور یہاں رہے بھی لیکن کسی نے اس ثقافت کو نہ چھینا اور نہ بدلا بلکہ اس میں اپنا رنگ بھرا۔ صوفیا کرام نے تو اس کی اس حد تک آبیاری کی کہ انہوں نے اسے اسلامی رنگ میں سمویا۔ اسلام بظاہر جو سیدھا سادھا مذہب لگتا ہے وہ اپنی تمام تر خوبیوں اور رنگینیوں کے ساتھ مروج ہوا جس میں انسان ایک اچھی خاصی دلچسپ زندگی گزار سکتا تھا اور اس کا بچا کھچا وقت عرسوں، میلوں، مشاہروں اور قوالیوں میں گزر جاتا تھا اور جناب وقت کی رفتار نے ہمیں یہ سب کچھ ہمیں فلموں تھیٹر اور موسیقی کی صورت میں دیا۔ اب لے دے کے ہمارے پاس اتنا بچا کھچا وقت گزارنے اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے صرف یہی میڈیا رہ گیا ہے۔

لیکن جناب جب سے پاکستان بنا ہے اس ثقافت کی جو حالت مذہب کے نام پر ہوئی ہے وہ تو ہوئی ہے لیکن جو مصیبت اور زوال پر کاپی رائٹ copyright کی قزاقی سے آیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اس قزاقی نے اسے intellectual and economical bankruptcy سے ہمکنار کر دیا ہے اور جناب بے چارہ پروڈیوسر کیا کرے گا اگر اس کی فلم کی ہزاروں کاپیاں چوری سے پرنٹ ہوں اور وہ چوری سے بکیں یا کرائے پر دی جائیں اور اسے ایک پیسہ نہ ملے ایک اچھا فن کار اور موسیقار کیسے جیئے گا۔ اگر اس کی Cassette-one کی اس کو کوئی royalty نہیں ملتی۔ جناب والا، معاشرے کی پہچان جو ہے اس کی ثقافت سے ہوتی ہے اور اگر ثقافت کی جڑ پر چھریاں چلائی جائیں تو وہ کیسے پنپے گی۔ جناب چیئر مین! آپ مجھے بتائیں کہ اس ملک میں آپ آدمی کے لئے کیا سامان دلچسپی یا دل پسنگی مہیا کرتے ہیں نہ یہاں کوئی ڈزنی لینڈ ہے، نہ یہاں کوئی ڈزنی روڈ ہے، نہ یہاں کوئی Concert Hall ہے یا میوزک ہال ہے۔ اگر یہاں کوئی ہال ہیں تو اسمبلی ہال ہے، کونسل ہال ہے اور آئی بلا کو ٹال تو، جل تو جلال ہے۔ بڑے بڑے شہروں میں شاید کچھ پارک ہوں یا چڑیا گھر ہوں یا عجائب گھر ہوں لیکن ایک غریب آدمی جب گھر آتا ہے تھکا ماندہ تو اسے آپ کیا دیتے ہیں۔ سوائے روز مرہ کے مسائل کے۔ جناب اس کی زندگی کیسے گزرے گی؟ لے دے کے اس کی دوڑ جو ہوتی ہے وہ سینما گھر تک ہوتی ہے یا وہ اپنا چھوٹا سا ٹیپ ریکارڈ چلاتا ہے اور یہاں وہ اپنا کچھ وقت اس خیالی دنیا میں رہ کر گزارتا ہے جہاں اسے کچھ ذہنی سکون ملتا ہے لیکن جیسے حالات جا رہے ہیں، میں اس وقت صرف قزاقی کی بات نہیں کر رہا ہوں، دوسرے حالات بنی ہیں، جو اسے ختم کرنے کے درپے ہیں۔ تو وہ کیا کرے گا؟ میرے خیال میں یا تو وہ ڈاکو بنے گا کیونکہ یہ فیشن ہے یا وہ drug addict ہو جائے گا اگر یہ انڈسٹری چلانے والوں کو ان کا حق نہ ملا تو اس کے پاس بجز اس کے کوئی چارہ نہیں ہے کہ اسے بند کر کے بیٹھ جائیں۔

جناب میرے خیال میں یہ جو ہے وہ ایک قسم کا intellectual اور economical استحصال ہے ایک آرٹسٹ کا ایک پروڈیوسر کا اور پھر وہ اس میں جو اپنا فن اپنا پیسہ اور اپنا وقت

لگا تا ہے۔ اچھا آرٹسٹ ہو تو وہ اس میں اپنی روح بھی لگا دیتا ہے، اور اس کی اسے return نہیں ملتی تو جناب اسے تو چھٹی کر دینی ہے۔ اس سے نہ صرف یہ انڈسٹری مر جائے گی بلکہ ایک طریقہ کار زندگی چل رہا ہے وہ بھی بند ہو جائے گا اور اگر وہ بند ہو گیا تو اس کی جگہ ایک نیا نظام آئے گا اور جو نیا نظام ہو گا وہ شاید اتنا معصوم اور کم نقصان دہ ہو۔ جناب یہ قزاقی تو امتحان میں نقل کرنے سے بھی بدتر ہے۔ اب ایک طالب علم جو سارا سال کام کرتا ہے جب امتحان میں اس سے نقل کرنے والے کے نمبر زیادہ آ جاتے ہیں تو اس کی کیا حالت ہو گی۔ اسی طرح یہ آرٹسٹ یا پروڈیوسر سارا سال ایک چیز پر کام کرتے ہیں، اس پر پیسہ لگاتا ہے، اس کو وقت دیتا ہے، bread and butter اس کا طریقہ زندگی یہ ہے آپ اگر اس کو اس کی return نہیں دیں گے تو پھر یہ سوچنے کا مقام ہے۔ تو ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جناب شہزاد گل صاحب۔

جناب شہزاد گل : جناب والا، یہ بہت ہی اہم بل ہے میں بھی اس کی حمایت کرتا ہوں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ بل بہت پہلے پاس ہو جاتا یہ کاپی رائٹ آرڈیننس ۱۹۶۲ میں نافذ ہوا تھا اور اس پر عمل ۱۹۶۷ میں شروع ہوا ہے۔ اس وقت سے لے کر آج تک نشر و اشاعت کے اداروں میں کافی تبدیلیاں آ چکی ہیں تو بہت ساری چیزیں ایسی تھیں جن کی وجہ سے اس میں ترمیم ضروری ہو گئی تھی مثال کے طور پر پہلے cinematographic work جو تھا اس کی definition میں ویڈیو فلمیں، ویڈیو کیمسٹ نہیں آتے تھے۔ پچھلی definition میں یہ نہیں آتی تھیں۔ اب video work پر بھی cinematographic definition میں لایا گیا ہے تاکہ ان پر اس کا اطلاق ہو گا، ان پر سنسر شپ ہو گی۔ غیر اخلاقی اور فحاشی پر مبنی جو فلمیں دکھائی جاتی ہیں وہ نہیں دکھائی جا سکیں گی ایک تو اس کا یہ مقصد ہے۔ اس کے علاوہ literacy work جو تھا اس کے متعلق ہے۔ آج کل کا زمانہ کمپیوٹر کا زمانہ ہے، اب literacy work میں کمپیوٹر جو ہے یہ شامل نہیں ہے اور اب جو موجودہ definition of

literacy work کی کلاز رکھی گئی ہے اس میں کمپیوٹر کے ذریعہ جو بھی کام ہو گا اس کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے۔

تیسری بات جو ہے وہ ریڈیو difusion ہے۔ اس میں یہ ہے کہ آج کل جو چیزیں ٹیلی کاسٹ ہوتی ہیں جو by wire یا مواصلات کے ذریعہ جو براڈ کاسٹنگ ہوتی ہے وہ بھی پرانی definition میں نہیں سمو سکتی تھی اس لئے ان کو بھی نئی definition میں رکھا گیا ہے جو موجودہ حالات اور تقاضوں کے مطابق نہایت ضروری تھی۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ان مقاصد کے لئے ترمیم کی جاتی۔

جناب والا، اہم مسئلہ یہ ہے کہ جو intellectual creations ہیں جو تحاریر ہیں، تصانیف ہیں، مسودات ہیں ان کی اکثر چوریاں ہوتی ہیں۔ ایک شخص کوئی مسودہ لکھتا ہے اور کوئی دوسرا شخص اس کی نقل کر کے اسے اپنے نام پر چھاپ دیتا ہے تو اس طرح کی جو piraty ہوتی ہے تو اس کو روکنے کے لئے اس موجودہ قانون میں کافی ترامیم بھی کی گئی تھیں۔ ان ترامیم سے مصنفوں کے حقوق کا تحفظ کیا گیا ہے۔ پہلے یہ تھا کہ اگر کوئی مصنف کسی پبلشر کو اپنا مسودہ دے دیتا تھا تو پبلشر کا یہ حق تھا کہ وہ اسے دس سال تک اپنے پاس رکھ سکے اور دس سالوں میں اس کو چھاپنے کا حق تھا اور مصنف بے چارہ جو تھا وہ اسی طرح انتظار میں بیٹھا رہتا تھا کہ کب پبلشر کتاب چھاپے گا اور پھر اس کو کوئی رائلٹی ملے، یا پیسے ملیں یعنی وہ پبلشر کی مرضی پر منحصر تھا۔ اب یہ دس سال کی مدت جو ہے اب اس کو گھٹا کر تین سال تک لایا گیا ہے کہ اگر تین سال میں پبلشر اس کو نہ چھاپے تو پھر مصنف کا حق ہے کہ وہ اپنا مسودہ واپس لے لے اور پھر اسے کسی دوسری جگہ چھاپنے کے لئے دے دے اس طرح یہ ترمیم ایک مصنف کے لئے کافی حوصلہ افزا ہے۔ دوسری بات یہ بھی ہے کہ اگر مصنف اور پبلشر کے درمیان کوئی تنازعہ کھڑا ہو جاتا تھا تو اس کی مصنف کے پاس کوئی remedy نہیں تھی تو اب ان شرائط میں یہ رکھا گیا ہے کہ اگر مقررہ شرائط میں کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو مصنف جو ہے وہ ایک سال میں بورڈ کے سامنے جا سکتا ہے، وہ اپنی شکایت وہاں پیش کر سکتا ہے تو

بجائے عدالت میں جانے کے، بورڈ بھی اس کی شکایت کا ازالہ کر سکتا ہے، تصفیہ کر سکتا ہے۔ تو یہ بات بھی مصنفوں کے حق میں بہت اچھی بات رکھی گئی ہے۔

جناب والا! تیسری بات جو رکھی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اگر ایک شخص نے کوئی مسودہ تحریر کیا ہے یا ایک کتاب چھاپی ہے اور اس کا مصنف فوت ہو گیا ہے تو اس کے حقوق مصنف کے پاس محفوظ تھے۔ اس مسودہ کے یا کتاب کا قومی طور پر چھاپنا ضروری ہو جاتا ہے پبلشر کو دوبارہ چھاپنا ضروری ہو جاتا ہے لیکن مصنف ملتا نہیں ہے یا فوت ہو گیا ہے تو اس میں یہ چیز رکھی گئی ہے کہ بورڈ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس مسودہ کو یا کتاب کو چھاپ سکتے ہیں، تو یہ بھی ایک قومی نکتہ نظر سے فائدہ کی بات ہے۔

اس کے علاوہ ایک اور بات بھی لائی گئی ہے۔ پہلے یہ تھا کہ مصنف پر یا ایک مصنف پر یہ لازم تھا کہ وہ تین لائبریریوں میں مفت کتاب دے اب یہ لازمی رکھا گیا ہے کہ جتنی بھی نیشنل لائبریریاں ہیں۔ وہ اپنی نئی چھپنے والی کتاب مفت مہیا کرے گا۔ پہلے مصنف کتاب تو دیتا تھا لیکن جرائد نہیں دیتے تھے۔ اب رسائل اور جرائد جتنے چھپتے ہیں وہ بھی قومی لائبریریوں کو وہ مفت مہیا کرے گا یہ بھی ایک قومی اور ملکی مفاد کی بات ہے۔ جناب والا! ایک دوسری بات جو اس میں آئی ہے کہ اگر کوئی چوری کرے تحریر کی یا مسودے کی، تصدیق کی اجازت کے بغیر تو پھر اس کی سزا جو ہے پہلے بہت کم تھی اب وہ سزا بہت زیادہ کی گئی ہے تاکہ کوئی چوری نہ کر سکے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ اگر عدالت سزا دے تو سزا کے ساتھ جرمانہ بھی ہے اب پہلے مصنف کو کچھ نہیں ملتا تھا اب ترمیم کے ذریعہ یہ قرار دیا گیا ہے کہ جو جرمانہ لگے گا تو اس کا 50 فیصدی حصہ مصنف کو ادا کیا جائے گا۔ تاکہ اس کے حقوق کا تحفظ ہو سکے۔ تو یہ بھی ایک مصنف کے حق میں کافی فائدے کی بات ہے۔ اسی طرح مصنف کو یہ بھی حق دیا گیا ہے کہ اگر عدالت چور کو سزا دے اور اس کو عوضانہ بھی ادا کر دے۔ اس کے باوجود بھی اگر یہ محسوس کرے کہ یہ عوضانہ جو مجھے دیا گیا ہے کم ہے تو وہ از خود کسی جج کی عدالت میں دعویٰ دائر کر سکتا ہے مزید compensation کے

لئے، تواس حق پر بھی پابندی نہیں لگائی گئی ہے بلکہ اس کو یہ چھٹی دی گئی ہے کہ اس کے علاوہ بھی وہ اپنے حقوق کے لئے دعویٰ کر سکتا ہے۔ جناب والا! میں اس کے ساتھ ساتھ اس بل کی حمایت کرتا ہوں اور اسے پاس کیا جائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! یہ ایک اہم ترین بل ہے اور یہی مجھے افسوس ہے کہ اتنی افراتفری اور جلدی میں اس کو آج ہی پاس کرایا جارہا ہے۔ ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ ایک ہی دن میں آج پاس ہو گا۔ لیکن بد قسمتی سے آج یہ miss ہونے کا خطرہ ہے کیونکہ اس کا آخری دن ہے۔ تو میں اس بل کی تفصیلات میں تو نہیں جا سکتا ہوں کیونکہ ہمیں موقع ہی نہیں دیا گیا لیکن اتنی گزارش ہے کہ آپ اس بل کو عملی طور پر نافذ کرنے کے لئے کچھ اقدام کریں گے اور ایسا راستہ نکالیں گے کہ صرف یہ بل پاس نہ ہو بلکہ اس پر عمل بھی ہو۔

ایک مسئلہ پہلے سے اس کے متعلق چلا آرہا ہے کہ ہندوستان میں ہمارے مسلمان انتہائی بے بسی اور کسمپرسی کا شکار ہیں ان کے بڑے بڑے تحقیقی اور ریسرچ کے ادارے جو نجی طور پر وہ چلا رہے ہیں ہم ان کو کوئی مدد بھی نہیں پہنچا سکتے لیکن وہ ان تصانیف اور رسائل کے ذریعے بعض ادارے چلا رہے ہیں اور امت مسلمہ کے لئے بڑا ٹھوس کام وہ کر رہے ہیں۔ مثلاً ''دارالمصنفین'' ہندوستان کا ایک تصنیفی ادارہ ہے جو علامہ سید سلیمان ندوی نے قائم کیا تھا علامہ شبلی نعمانی نے اور انہوں نے بڑی عظیم تصانیف امت کو دیں۔ یہ امید ہے ان کا کہ وہاں کتاب بڑی محنتوں سے چھپ کر تیار ہو جاتی ہے اور اس ادارے کا سارا معاشی دارومدار بھی اسی کتاب کی خرید و فروخت پر ہوتا ہے۔ لیکن راتوں رات یہاں پاکستان میں اس کی کاپی پہنچ جاتی ہے اور وہ دوسرے دن انارکلی کے اردو بازار میں آجاتی ہے۔ اسی طرح ''ندوۃ المصنفین'' اور علی گڑھ کے تحقیقی ادارے ہیں لیکن وہ ہمیشہ یہ فریاد کرتے ہیں کہ ہمارا کوئی مداویٰ نہیں کیا جاتا پاکستان میں وہ کتاب چھپ جاتی ہے اور وہ بالکل

سستے داموں سے مارکیٹ میں آجاتی ہے پھر ہندوستان میں کون اس کو خریدے گا۔ یہاں وہ دس روپے میں ملتی ہے اور وہاں وہ سو روپے میں۔ تو اس قسم کی اسلامی اور تحقیقی لٹریچر جو ہندوستان میں چھپتے ہیں کچھ اس کا بھی تحفظ ہونا چاہیئے کہ یہاں پر کوئی اس پر ڈکیتی نہ کرے اور تمام تحقیقی سرمایہ لوٹ کھسوٹ کا شکار نہ ہو۔ ہمارے خلیل الرحمٰن صاحب کو شکایت ہے کہ یہاں رنگینیوں کا سامان نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں صحت مند تفرح بڑی ضروری ہے۔ لیکن آج تو گھر گھر، گلی گلی اور کوچے کوچے میں وڈیو کیسٹس کی مارکیٹیں بنی ہوئی ہیں یہ شہروں تک محدود نہیں ہیں بلکہ ہمارا چھوٹا سا گاؤں اکوڑہ خٹک ہے اس کے ہر نکر کے اوپر، ہر کونے کے اوپر میوزک سنٹر اور وڈیو کیسٹ، کی فحش ترین کیسٹس کے ذریعے سارے نوجوان بچوں کے اخلاق بگاڑے جا رہے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کے ذریعے، جو فحش کیسٹوں کی بھرمار ہے اور برائے نام اس کی سزائیں بھی ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہوتا۔ ان ساری چیزوں کا تحفظ اگر ایک ہی دفعہ اس بل کے ذریعہ کیا جائے اور پھر عملی طور پر اس کو نافذ کرنے کی کوشش کی بھی کی جائے تو یہ بہت بہتر ہو گا۔ ان دو تجاویز کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جی جناب حافظ حسین احمد صاحب۔ جی جناب اقبال احمد خان صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب اقبال احمد خان : جناب چیئرمین! جب اس بل پر بحث شروع ہوئی تو جناب وزیر پارلیمانی امور نے ارشاد فرمایا کہ اظہار خیال تیسری خواندگی پر کر لیا جائے۔

جناب چیئرمین : اظہار خیال؟

جناب اقبال احمد خان : تیسری خواندگی پر کر لیا جائے۔ کیونکہ آج یہ بل کا آخری دن ہے۔ اس لئے اس کا آج adopt ہونا ضروری ہے۔ ابھی آپ نے بھی ارشاد فرمایا کہ چونکہ بل کا آخری دن ہے، اس کو آج adopt کرنا ہے اس لئے تقاریر کو مختصر رکھیں۔ جناب والا! آپ کے سیکرٹریٹ نے ایک بڑا مستحسن کام کیا ہے کل ہی ہمیں ایک لمبی لسٹ

ملی ہے جس میں ایوان کے سامنے بہت pending billsاور دوسرے motions موجود ہیں۔ اور اس listسے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بہت سے بل پہلے سے lapse ہو چکے ہیں۔ حضور والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی اچھی روایت نہیں ہے کہ محکمے اپنی تساہل کی وجہ سے کسی قانون سازی کے مسئلے کو بروقت ایوان میں پیش نہ کریں۔ حضور والا! آپ کو اس بات کا علم ہے کہ حکومت کے پاس یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب بھی چاہے اسمبلی کا یا سینٹ کا اجلاس طلب کر سکتے ہیں۔ اس اجلاس کے آغاز سے یہاں کچھ اظہار خیال ہوا جس سے مجھے معلوم ہوا کہ شاید کچھ اراکین نے اس اجلاس کی طلبی کے لئے requisitionکا نوٹس آپ کی خدمت میں پیش کیا اور یہ اجلاس اس نوٹس کے بعد حکومت کی طرف سے طلب کیا گیا۔ اگر میں اس شک کا اظہار کروں کہ اگر پرائیویٹ جو ممبرز تھے وہ ریکوزیشن نہ دیتے تو ممکن ہے ابھی بھی حکومت کا اس اجلاس کو طلب کرنے کا ارادہ نہ ہوتا تو اس صورت میں اس بل کی کیا صورت ہوتی۔ میں آج آپ کی خدمت میں تفاصیل میں گئے بغیر یہ گزارش کروں گا کہ اب اس tendencyکو ختم ہونا چاہیئے۔ آپ بڑے معزز اور تجربہ کار وکیل ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ جب کہیں کبھی کسی قانون یا کسی آئین کی تشریح کے لئے عدالتوں میں یہ مسئلہ پیش ہوتا ہے تو کبھی کبھی یہ بھی کہا جاتا ہے کہ let us see the intention of the legislators لیکن اگر کوئی بل بغیر discussion کے پاس ہو جائے یا ایسی حالت میں جو آج ہمیں درپیش ہے، مختصر بحث کے ہو، تو پھر عدلیہ بھی استفادہ نہیں کر سکتی کسی ایسے قانون میں کہ وہ intention of the legislators کے متعلق اندازہ کر سکیں کہ بل کو پاس کرتے وقت ممبران اسمبلی یا وزیر قانون یا متعلقہ وزیر نے کیا مقاصد بیان کئے تھے۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ اس بار یہ فیصلہ ہونا چاہیئے کہ آئندہ یہ صورت حال کوئی قانون سازی کے لئے یا اس اسمبلی یا پارلیمینٹ کے لئے قابل فخر نہیں ہے کہ بل آخری دن پیش ہو۔ آرڈیننس بھی ہوں تو میں یہ عرض کروں گا اپنے وزیر قانون صاحب سے، وزیر پارلیمانی امور سے اور متعلقہ وزراء صاحبان کی خدمت میں کہ آئندہ سے اس بات کی

احتیاط ہونی چاہیئے کہ جو قانون سازی کا مسئلہ اس ایوان میں پیش ہو اس کے لئے کم از کم ممبران کو اتنا وقت ملنا چاہیئے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار تفصیل سے کر سکیں۔ اور اس سے ہی ہماری قانون سازی میں ایک اچھی روایت بھی پیدا ہو گی۔ عدالتوں کو بھی اس سے استفادہ حاصل ہو گا اور ممبران بھی اپنا اظہار خیال کر سکیں گے اور اس وجہ سے اس ایوان کی کارروائی میں زیادہ دلچسپی لے سکیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : شکریہ آپ کی بات اہم ہے جی مجھے یقین ہے کہ وزیر صاحب نے نوٹ کر لی ہو گی اور آئندہ خیال رکھیں گے۔ جی جناب حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد : شکریہ جناب چیئرمین۔ جہاں تک اس وقت زیر بحث بل کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے کچھ مختلف پہلو ہیں جس طرح جناب اقبال احمد خان صاحب نے کہا کہ ہم فوری طور پر ایسی چیزوں کو لے لیتے ہیں اور پھر جلد از جلد اسے اپنے سر سے گزارنے کی کوشش کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہم جس بل پر بات کر رہے ہیں اس کے کچھ اہم پہلوؤں کو ہم نے نظر انداز کیا ہے۔ اس میں یہ ہے کہ کاپی رائٹ میں اس علم پر بھی پابندی لگائی جائے گی جس کا کوئی قانونی جواز نہیں۔ اور جناب جس ملک میں ہم رہتے ہیں جہاں کا غریب بچہ اور مزدور اور محنت کش کا بچہ جسے ایک بھاری بستہ ہر سال فراہم کیا جاتا ہے اور پھر محنت کش جو بمشکل اپنے اہل خاندان کو دو وقت کی روٹی مہیا کرتا ہے۔ اور ہر دوسرے تیسرے دن ایک نئی تصنیف اور نئی کتاب کی بات آتی ہے تو جناب چیئرمین! اگر اگر اس بل کو منظور کیا جاتا ہے اسی انداز میں اور من و عن منظور کیا جاتا ہے تو پھر میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا پھر کوئی طالب علم کسی تصنیف کی فوٹو سٹیٹ بھی کر سکے گا۔ جہاں تک آپ یہ بات تسلیم کریں گے۔ یا تو پھر یہ ہے کہ جس طرح سعودی عرب یا دوسری حکومتوں میں ہے کہ پوری دنیا میں کوئی بھی کتاب شائع کی جاتی ہے تو فوری طور پر مقامی زبان میں اس کا ترجمہ کر کے سستی، بلکہ مفت تقسیم کی جاتی ہے اور لائبریری میں رکھی جاتی ہے۔ یہاں پر صورت حال یہ ہے کہ اگر ہمارے نصاب تعلیم میں اگر تمام غیر ملکی

مصنفین کی کتابیں اور بھاری بھر کم تصانیف کی جگہ دی گئی ہے اور ایک غریب کا بچہ جو بڑی مشکل سے کسی حد تک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا خواہشمند ہے یا وہ امریکہ میں چھاپی گئی کوئی ڈیڑھ سو اور دو سو ڈالر کی کتاب خرید سکتا ہے۔ اور اگر وہی کتاب یہاں اگر اسے ڈیڑھ دو سو روپے میں دستیاب ہو گی تو آپ اس بیچارے پر کیوں قدغن لگا رہے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اگر ایک بہت بڑا آدمی چوری کرے تو وہ کہتے ہیں کہ جناب انہوں نے اس سے استفادہ کیا۔ اور اگر ایک غریب آدمی اپنے علم کے حصول کے لئے کہیں سے فوٹو سٹیٹ بنائے گا تو یہ قانون اسے ہتھکڑی پہنائے گا۔ ہم سمجھتے ہیں جناب کہ فلموں کا جہاں تک تعلق ہے ہمارا اس سے سروکار نہیں ہے۔ لیکن کیا وہاں پر چربہ سازی نہیں ہوتی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جناب آپ اسے Standing Committee سپرد کریں اور اس کے تمام پہلوؤں پر آپ غور کریں کہ اسلامی نقطہ نگاہ سے آپ علم کو کسی حد تک محدود رکھ سکتے ہیں؟ اور کیا کسی بھی تصنیف کو کسی بھی ترجمے کو کسی بھی ایسی کتاب کو جسے ایک غریب آدمی، جو بیرون ملک چھپی ہو، اسے خرید نہیں سکتا؟ کیا آپ اسے محدود رکھیں گے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو صورت حال ہے۔ اور خصوصاً اس صورت میں کہ پاکستان ایک غریب ملک ہے اور یہاں تعلیم کی سہولتیں بہت کم ہیں میں سمجھتا ہوں، میری گزارش یہ ہے کہ اسے جلدی میں پاس کرنے کی بجائے سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور ان تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد ان میں ترامیم کی جائیں تاکہ یہ ہمارے لئے اور ان غریب طلباء کے لئے جو تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں جنہیں کتابیں نہیں ملتیں جن کے لئے ہم بھاری بھر کم بستے ہر سال فراہم کرتے ہیں۔ غیر ضروری کتابیں ظاہر ہے کہ بہت سے ایسے غریب بچے ہیں دیہاتوں میں جو صرف فوٹو سٹیٹ کے ذریعے دوسروں کی کاپیاں اور کتابیں مانگ کر، جن کے گھر میں لائٹیں نہیں ہیں جو سڑکوں پر کھڑے ہو کر کسی street pool کے نیچے کھڑے ہو کر پڑھتے ہیں ہمیں ان کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ ایسا قانون کہ کل اس پر عملدر آمد نہ ہو سکے اس کی بجائے انہیں اس کا تحفظ

فراہم کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : جناب سید اشتیاق اظہر صاحب۔

سید اشتیاق اظہر : جناب چیئرمین، میں سمجھتا ہوں کہ آج جو Copy right کے حوالے سے بل پیش ہوا ہے یہ نہایت ہی مستحسن بل ہے۔ اور اس سے مصنفین اور محققین کی بڑی حوصلہ افزائی ہو گی۔ اب تک ہمارے ملک میں ادبی قزاقی کا جو سلسلہ جاری تھا اور اس پر کوئی پابندی نہیں تھی، اس کی وجہ سے ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ جس کی جانب جناب سینیٹر خلیل الرحمٰن نے، جناب شہزاد گل نے اور مولانا سمیع الحق نے اظہار خیال کیا اور خاص طور پر ہندوستان میں شائع ہونے والی کتابیں جس طرح چوری کر کے یہاں راتوں رات چھاپی جاتی تھیں اس سے ہندوستان کے مصنفین و محققین کی جو حق تلفی ہوتی تھی اس کے تدارک کا بھی سامان مہیا ہو جائے گا۔ میں اس ادبی قزاقی کے خلاف پیش ہونے والے اس بل کی پرزور حمایت کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ یہ بل اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا۔ اور اس طرح سے ان مصنفین اور محققین کی جو ایک طویل عرصہ سے حق تلفی ہو رہی ہے۔ اس کا تدارک کیا جائے گا۔ اور آئندہ علم کو تجارت بنانے والوں کو حوصلہ افزائی کا موقع فراہم نہ کر کے دراصل تحقیق و تفتیش کے شعبے میں نت نئی راہیں پیدا کرنے کی نت نئی حوصلہ افزائیاں کرنے کا سامان فراہم کیا جائے گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : جی لالیکا صاحب۔ آخری تقریر لالیکا صاحب کی ہو گی۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب چیئرمین۔ میں اس تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ میرے بھائیوں نے اس پر بہت اظہار خیال فرمایا ہے۔ میں صرف اپنے بھائی سینیٹر حافظ حسین احمد کی خدمت میں عرض کروں گا کہ انہوں نے کتابوں سے متعلق غریب طلباء کے اخراجات کے خدشات کا اظہار فرمایا ہے۔ اس بارے میں میں عرض کروں گا کہ کسی بھی کتاب کا سستا ایڈیشن جب چھپتا ہے تو اس کی رائلٹی کتاب والے کو کتاب چھاپنے والے دیتے ہیں۔ Provision موجود ہے۔ اس لئے کوئی آدمی غرباء کے لیئے غریب بچوں کے لئے تعلیم کے

لئے تربیت کے لئے کوئی بھی کسی بھی کسی بھی کتاب کا سستا ایڈیشن چھاپتا ہے تو اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ میں انہیں یقین دہانی کرواتا ہوں اور اس یقین دہانی کے ساتھ استدعا کرتا ہوں کہ اس بل کی افادیت کے پیش نظر اسے اسمبلی میں پیش کیا جائے۔

جناب چیئرمین : فخر امام صاحب ابھی آپ کچھ کہنا چاہیں گے یا third reading پر؟

سید فخر امام : میں third reading پر کہوں گا۔

Mr. Chairman: So, I will move this motion, it has been moved by Ch. Asad-ur-Rehman, Minister of State for Parliamentary Affairs on behalf of Syed Fakhar Imam, Minister for Education on 8th July, 1992 :--

"That the Bill further to amend the Copyright Ordinance, 1962 [The Copyright (Amendment) Bill, 1992], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The motion is adopted. Now we will take clause by clause. There are amendments in the name of Syed Iqbal Haider but unfortunately he is not here, so I will put the clauses before the House. The question before the House is :--

"That Clauses 2 to 6 form part of the Bill"

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: So, clause 2 to 6 form part of the Bill. The question before the House is :

"That Clauses 7 to 13 form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr.Chairman: Clauses 7 to 13 form part of the Bill. The question before the House is :--

"That Clauses 14 to 18 form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : So, clauses 14 to 18 form part of the Bill. The question before the House is :

"That Clauses 19 to 25 form part of the Bill."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : Clauses 19 to 25 form part of the Bill. Now the question before the House is :

"That Clause 1 which is Short Title and Commencement and Preamble forms part of the Bill".

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: So, Clause 1 which is Short Title and Commencement and Preamble formed part of the Bill. Now we come to the Third reading, yes Fakhar Imam Sahib, Clause No. 5.

Syed Fakhar Imam : Thank you Mr. Chairman. Sir, I hereby move :-

"That the Bill further to amend the Copyright Ordinance, 1962 [The Copyright (Amendment) Bill, 1992], be passed."

Mr. Chairman: Would you want to say something on this before I put the motion before the House ?

Syed Fakhar Imam: Mr. Chairman, I would like to express my gratitude to my learned colleagues of the Senate especially Senator Mr. Khalil-ur-Rehman, Senator Samiul Haq, Senator Shahzad Gul, Senator Ishtiaq Azhar, Senator Hafiz Hussain Ahmad, Senator Iqbal Ahmad Khan and Senator Alam Ali Lalika for their essential support. I feel that intellectual creativity is something which should be encouraged in the environment of Pakistan and the people of the world of literature and those who write poetry, those who produce different forms of artistic expression for the people of Pakistan should get their due right both in terms of recognition as well as financial compensation or award. This piece of legislation will try and do that and we hope that piracy with new technology specially on the Computer side has now come about which has been bringing about a major change in the world of information, in the world of technology in different parts of theworld. So, I feel that such a Bill is not a perfect Bill, Mr. Chairman you know that.

Mr. Chairman : Yes, I think you should have it reviewed.

SyedFakhar Imam: And there are elements in it but we do feel that as a start it is a Bill which should be considered and there are some of those things about which I myself have reservations. Although I am mover of the Bill but I feel that if there are any aspects of the Bill which may require change later on we will consider it.

Mr. Chairman: Certainlty you should start the process and have it throughly examined.

Syed Fakhar Imam: And if there are; as I said, and subsequently we can bring about those kind of changes because I feel that there are elements even within this Bill which may further require consideration and if the two Houses of Parliament would assist us in this we would go ahead with that.

Mr. Chairman: Our Committee can examine it. I think the Committee on Education, Syed Abdullah Shah is the Chairman. Syed Abdullah Shah, you should see and whatever amendments are necessary there, you should assist the Minister.

Syed Fakhar Imam: Subsequently.

Mr. Chairman: Yes, subsequently.

(*Interruptions*)

Mr. Chairman: Right. So, I will put the motion before the House,

It has been moved :--

"That the Bill further to amend the Copyright Ordinance, 1962 [The Copyright (Amendment) Bill, 1992], be passed."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Bill stands passed.

Is there any further item on the Agenda ?

(Voices 'NO')

Mr. Chairman: No other item. So, the House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 A.M.

(The House then adjourned to meet again at 10.00 O'clock in the morning on Sunday, the 16th August, 1992).

PCPPI-540(96) Senate-14-2-2000-150